Jamiatul Qasim Darul Uloom-il- Islamia, Supaul Bihar (INDIA)

ہندونیپال کی سرحد پر رُشد وہدایت اور تعلیم وتربیت کی عظیم درس گاہ

# جامعۃ القاسم دارالعلوم الاسلامیہ

## ایک نظر میں

زیرنگرانی: امام قاسم اسلامک ایجوکیشنل ویلفیر ٹرسٹ انڈیا (رجسٹرڈ)

IMAM QUASIM ISLAMIC EDUCATIONAL WELFARE TRUST INDIA



بانی جامعہ
حضرت مولانا ڈاکٹر مفتی محفوظ الرحمٰن عثمانی رحمۃ اللہ علیہ

مہتمم جامعہ
قاری ظفر اقبال مدنی


**JAMIA-TUL-QASIM DARUL ULOOM-IL-ISLAMIA**
At & Po. Madhubani, G.P.O. Pratap Ganj, Distt: Supaul - 852125 Bihar (India)
**Ph:** +91-9811125434, 9006633866, 9899766786, 9527565786, 9871091161
**E-mail:** jamiatulqasim@yahoo.com, jamiatulqasim1989@gmail.com
**Web.:** www.jamiatulqasim.com / www.alqasiminternational.com

Google Maps

jamiatulqasim@yahoo.com
www.jamiatulqasim.com
www.alqasiminternational.com
www.facebook.com/jamiatulqasimdarululoomilislamia
www.youtube.com/jamiatulqasim


## اپیل

بہار کی ممتاز دینی درس گاہ جامعۃ القاسم دارالعلوم الاسلامیہ سپول بہار اپنے قیام کے روز اول سے ہی اپنے مقاصد کی تکمیل میں سرگرم عمل ہے۔ یہاں طلبہ کو دینی وعصری تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت اور حسن اخلاق پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ الحمدللہ جامعہ تعلیمی اور تعمیراتی میدان میں روز افزوں ترقی کی طرف گامزن ہے۔ کم وقت میں جامعہ نے اپنی مثالی علمی و دینی خدمات کے سبب ملک میں اپنی الگ شناخت قائم کی ہے۔ اس وقت جامعۃ القاسم میں مقیم طلبہ کی تعداد **ایک ہزار** ہے جن کے قیام وطعام کا مکمل انتظام جامعہ کے ذمہ ہے۔ جبکہ اس کی شاخوں میں زیر تعلیم طلبہ کی تعداد **4000** سے متجاوز ہے۔ ان طلبہ کی تعلیم وتربیت میں **75** باصلاحیت وتجربہ کار اساتذہ کرام وملازمین ہمہ وقت مصروف رہتے ہیں۔

سال رواں کا تخمینی بجٹ پانچ کروڑ روپے ہے جبکہ جامعہ کا کوئی مستقل ذریعہ آمدنی نہیں ہے تمام اخراجات صاحب خیر کے تعاون سے ہی مکمل ہوتے ہیں۔ اس لئے ملت اسلامیہ کے بہی خواہان اور ہمدردوں سے دردمندانہ گزارش ہے کہ وہ جامعہ کی ہر ممکن تعاون کریں اور اپنے احباب ومخیرین کو اس جانب ضرور متوجہ فرمائیں۔ اس سے بہترین کوئی صدقہ جاریہ نہیں۔ اللہ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔ جزاك الله خیرا۔

وَمَاتُقَدِّمُوْا لِأَنْفُسِكُم مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَاللهِ، هُوَ خيراً وأعظَم أجراً۔

والسلام
مفتی محمد انصار قاسمی
صدر المدرسین ونائب مہتمم

### Bank Details for Donation

**Jamiatul Qasim Darul Uloom-il-Islamia**
A/C No. **11786910219**
(State Bank of India, Pratap Ganj, Branch)
IFSC Code: SBIN0004717, MICR Code: 852002606

Merchant Name : JAMIATUL
UPI ID : jamiatulqasim@sbi
BHIM UPI

**Imam Quasim Islamic Educational Welfare Trust India**
A/C No. **911010055864587**
(Axis Bank Chandni Chowk Delhi-110006 Branch)
IFSC Code: UTIB0000254, MICR Code : 110211028

**Exempted from Income Tax**
Donation to the Trust is exempted u/s 80G of Income Tax Act-1961 Gov. of India

## تعمیراتی منصوبے:

۱۔ جامع الامام محمد قاسم النانوتویؒ (دوسری منزل)
۲۔ امام قاسم اسلامک یونیورسٹی
۳۔ معہد القرآن الکریم
۴۔ جامعہ عائشہ صدیقہؓ للبنات
۵۔ شیخ محمد زکریا کاندھلویؒ چیری ٹیبل (دوسو بیڈ) کا ہاسپیٹل ونرسنگ کالج
۶۔ اسٹاف کوارٹرس، مطبخ اور ڈائننگ ہال
۷۔ رواق امام محمد الیاس کاندھلویؒ
۸۔ دارالطعام

## جھلکیاں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| کل تعداد طلبہ مع شاخ | 5000 | جامعہ میں مقیم طلبہ | 1000 |
| تعداد طلبہ شاخ | 4000 | شاخ جامعہ | 25 |
| اساتذہ وملازمین | 75 | | |

## جامعہ کا تعاون کریں:

| | | |
|---|---|---|
| ایک طالب علم کی کفالت: | : | 26,250.00 |
| ایک حافظ بنانے پر خرچ مع لباس (4 سال) | : | 1,45,000.00 |
| ایک عالم بنانے پر خرچ مع لباس وکتاب (8 سال) | : | 2,89,000.00 |
| ایک مدرس کی ایک ماہ کی تنخواہ | : | 17,000.00 |
| مکتب کے ایک مدرس کی ایک ماہ کی تنخواہ | : | 10,000.00 |



## جامعۃ القاسم دارالعلوم الاسلامیہ:

ہندو نیپال کی سرحد پر رشد وہدایت اور تعلیم وتربیت کی عظیم درس گاہ جامعۃ القاسم دارالعلوم الاسلامیہ جو ریاست بہار میں علم کی شمع روشن کیے ہوئے ہے یہ بھی اسی زریں سلسلے کی ایک مضبوط و مستحکم اور نمایاں کڑی ہے جس کی بنیاد آج سے چودہ سو سال قبل آقائے مدنی محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے دارارقم میں ڈالی تھی۔ جامعۃ القاسم دارالعلوم الاسلامیہ شمالی بہار کے ضلع سپول کے گاؤں مدھوبنی میں واقع ہے۔ یہ علاقہ مسلمانوں کی کثیر آبادی پر مشتمل ہے اور اسے صوبے میں مسلمانوں کے ’قلب‘ کی حیثیت حاصل ہے۔

معروف عالم دین حضرت مولانا ڈاکٹر مفتی محفوظ الرحمٰن عثمانیؒ کی کوشش سے ۱۶؍شعبان المعظم ۱۴۰۹ھ بمطابق ۲۵؍مارچ ۱۹۸۹ء کو جامعۃ القاسم کا قیام عمل میں آیا۔ ۱۳؍طلبہ اور ۳؍اساتذہ کرام سے اس ادارہ کا تعلیمی، فکری، دینی اور دعوتی سفر شروع ہوا، جو ابتداء سے اب تک اپنے دینی مقاصد واہداف کی تکمیل اور ملت کے نونہالوں کو ان کے صحیح عقائد کے ساتھ زیور تعلیم سے آراستہ کرنے میں ہمہ تن مصروف ہے اور تعلیمی وتعمیری شعبے میں کئی منزلیں طے کر چکا ہے۔ اس وقت جامعہ کا وسیع وعریض کیمپس دیدنی ہے جہاں کے ہر ذرہ سے قال اللہ وقال الرسول کی صدائیں بلند ہوتی ہیں۔

## شعبہ جات:

- شعبہ ناظرہ قرآن کریم مع تجوید
- شعبہ اعدادیہ تا عالمیت
- شعبہ تخصص و تحقیق وتالیف
- شعبہ نشر واشاعت
- شعبہ اصلاح معاشرہ
- حرا انٹرنیشنل اکیڈمی انڈیا (برائے عصری تعلیم)
- شعبہ تحفیظ القرآن الکریم
- شعبہ افتاء وقضاء
- شعبہ مکاتب قرآنیہ
- شعبہ تعمیرات
- شعبہ خدمت خلق ورفاہی امور
- القاضی کمپیوٹر سینٹر

## جامعہ کا امتیاز:

جامعۃ القاسم کی عالمیت کی سند کو ہندوستان کی تین عظیم یونیورسٹیاں، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی اور مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد نے 10+2 (بارہویں) کے مساوی قرار دیا ہے، اس لئے جامعۃ القاسم دارالعلوم الاسلامیہ کے فارغ التحصیل طلباء ملک کی ان اہم دانش گاہوں میں براہ راست گریجویشن میں داخلہ لے کر اپنا مستقبل روشن کرتے ہیں۔

## فوری ضرورت

جامعۃ القاسم دارالعلوم الاسلامیہ کے طلبہ کے لیے **دارالطعام** کی اشد ضرورت ہے۔ الحمدللہ ۱۵؍ذی الحجہ ۱۴۴۵ھ مطابق ۲۲؍جون ۲۰۲۴ء کو اکابر امت کے ہاتھوں اس کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ اس موقع پر بڑی تعداد میں فرزندان توحید موجود تھے جنہوں نے دارالطعام کے تعمیر کی ستائش کی اور اس میں عملی شرکت کا وعدہ کیا۔ اس کے بعد سے ہی دارالطعام کی تعمیر کا عمل جاری ہے۔ جامعۃ القاسم کے ذمہ دارانِ اس منصوبہ کی بروقت تعمیر کے لیے کوشاں ہیں۔

دارالطعام کا تخمینی بجٹ 65,00,000/- (پینسٹھ لاکھ) روپے طے کیا گیا ہے، جو ملت کے باتوفیق بہی خواہوں کے تعاون سے اللہ تعالیٰ ہی پورا کرنے والا ہے۔

ملت اسلامیہ کے تمام بہی خواہوں سے گزارش ہے کہ وہ اس عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اپنے دوست واحباب کو بھی اس جانب متوجہ فرمائیں تاکہ جامعۃ القاسم دارالعلوم الاسلامیہ کا یہ منصوبہ وقت پر مکمل کیا جا سکے، کیوں نکہ:

فرد قائم ربط ملت سے ہے، تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں اور بیرون دریا کچھ نہیں

جزاك الله خيرًا





